'समानो मन्त्रः समितिः समानी'

UNIVERSITY OF NORTH BENGAL

B.A. Honours 3rd Semester Examination, 2023

CC6-URDU (306)

(اردو نظم)

Time Allotted: 2 Hours | Full Marks: 60

The figures in the margin indicate full marks.

1. درج ذیل میں کسی چار (4) کا جواب دیجئے۔ 3×4 = 12

(a) اردو کے چار اہم اور نامور نظم گو شعراء کا نام بتائیں.

(b) حالؔی کی پیدائش ووفات کب اور کہاں ہوئی؟

(c) ہندوستان میں ترقی پسند تحریک کا پہلا کانفرنس کب اور کہاں ہوا؟

(d) پرویز شاہدؔی کا تعلق کس ادبی تحریک سے تھا؟

(e) " نظم" کسے کہتے ہیں! دو ۲ جملوں میں جواب دیں.

(f) اردو نظم " صبح آزادی" کے شاعر کون ہیں؟

2. درج ذیل سوالوں میں کسی چار(4) کا جواب دیجئے۔ 6×4 = 24

(i) نظم معرٰی اور آزاد نظم کی تعریف بیان کیجئے.

(ii) نظم کی تعریف اور اسکے اقسام بیان کیجئے.

(iii) پرویز شاہدؔی کو بحیثیت نظم گو شاعر پیش کیجئے.

(iv) درج ذیل بند کی تشریح کیجئے:۔

یہ دھوم دھڑ کا ساتھ لیے کیوں پھرتا ہے جنگل جنگل
اک تنکا ساتھ نہ جاوے گا موقوف ہوا جب ان اور جل
گھر بار اٹاری چوپاری کیا خاصا نین سکھ اور ململ
کیا چلون پردے فرش نئے کیا لال پلنگ اور رنگ محل
سب ٹھاٹھ پڑا رہ جاوے گا جب لاد چلے گا بنجارا

(v) درج ذیل بند کی تشریح کیجئے:۔

یہ داغ داغ اجالا یہ شب گزیدہ سحر
وہ انتظار تھا جس کا یہ وہ سحر تو نہیں
یہ وہ سحر تو نہیں جس کی آرزو لے کر
چلے تھے یار کہ مل جائے گی کہیں نہ کہیں

(vi) " جدیدیت اور اردو نظم "اس عنوان سے بحث کریں.

3. درج ذیل سوالوں میں کسی دو ۲ کا جواب دیں۔ 12×2 = 24

(الف) اردو نظم نگاری کا آغاز وارتقاء کا مفصل جائزہ پیش کریں.

(ب) اقبال کو بحیثیت نظم گو شاعر قلمبند کریں.

(ت) نظم " بنجارونامہ " کی روشنی میں نظیر اکبر آبادی کو بحیثیت نظم نگار شاعر پیش کریں.

(ج) حالی کا مقام اردو نظم گو شعراء میں متعین کریں.

——×——